کریڈٹ بذریعہ امتحان اور بائی لٹریسی کی مہر

World Languages Office

2110 Washington Blvd. فون: 703.228.6097
Arlington VA 22204 Vapsva.us/worldlanguages

Arlington Public Schools

اگر کوئی طالب علم/ طالبہ اس زبان کا مقامی بولنے والا/ والی نہیں ہے، لیکن اس زبان میں اعلیٰ سطحی استعداد کا/کی حامل ہے تو کیا وہ شرکت کر سکتا/سکتی ہے؟

ہاں، لیکن طالب علم میں امتحان کی زبان میں پڑھنے، لکھنے، بولنے اور سمجھنے کی مبتدی، اوسط یا اعلیٰ سطح والی صلاحیت ہونی چاہیے۔ براہ کرم اپنی تشخیص کی گرڈ ملاحظہ کریں۔ طالب علم کو آزادانہ طور پر تمام کام مکمل کرنے کا اہل ہونا چاہیے۔

ٹیسٹ کب لیا جائے گا؟

ٹیسٹ 18 اپریل بروز پیر کو منعقد ہوں گے۔ کچھ زبانوں کے لیے ایک مختلف ٹیسٹ کی ضرورت ہوتی ہے اور طلباء سے وقت اور تاریخ کے ساتھ براہ راست رابطہ کیا جائے گا۔ مزید معلومات کے لیے اکثر پوچھے گئے سوالات دیکھیں: https://www.apsva.us/world-languages/credit-by-exam/credit-by-exam-faq/

طلباء کس طرح سائن اپ کرتے ہیں؟

طلباء آن لائن اس پتے پر رجسٹر کرسکتے ہیں: **https://www.apsva.us/world-languages/credit-by-exam/**

ایک بار جب آپ رجسٹریشن فارم جمع کرلیں گے تو آپ کو تصدیق موصول ہوگی۔ اس کے بعد، طلباء کو ٹیسٹ سے ایک ہفتہ قبل ٹیسٹ کی تاریخ، وقت اور مقام کی تصدیق کے لیے ایک پوسٹ کارڈ موصول ہوگا۔

رجسٹریشن 31 جنوری سے 18 فروری تک ہوگی۔

کن زبانوں کے ٹیسٹ لیے جاسکتے ہیں؟

زیادہ تر زبانیں، بشمول امریکی اشاراتی زبان، دستیاب ہیں۔ ٹیگرینیا بولنے والے طلباء کے لیے، ہم FCPS کے امتحان کا استعمال کریں گے، جس سے انہیں 2 کریڈٹس تک ملیں گے۔ براہ کرم نوٹ کریں: بدقسمتی سے، ہم درج ذیل زبانوں کے لیے امتحان کی پیشکش **نہیں**کرسکتے: فولڈوڈے، کنڑ، مالاگاسی، مام اور ژوسا۔ ہم پریشانی کے لیے معذرت خواہ ہیں۔

اس کے لیے کتنی لاگت آئے گی؟

آرلنگٹن پبلک سکولز کے طلباء کے لیے کوئی لاگت نہیں ہے کوئی لاگت نہیں ہے۔ دوبارہ ٹیسٹ کا خرچ طالب علم کے ذمہ ہوتا ہے اور اس کی لاگت فی ٹیسٹ مختلف ہوتی ہے۔

امتحان کا اسکور کیسے دیا جاتا ہے؟

امتحان کا اسکور یا تو ایک کمپیوٹر کے ذریعہ یا ایک باہری تشخیص کار کے ذریعہ دیا جاتا ہے، جو امتحان کی زبان میں ماہر ہوتا ہے۔ نتائج حتمی

پروفیشیئنسی لیول	دیا گیا کریڈٹ (کریڈٹس)	اگلا تعین	اگلا ایس ایف ایس تعین (SFS)
نوائس مِڈ	1.0	سطح II	ایس ایف ایس II
نوائس ہائی	2.0	سطح III	ایس ایف ایس II*
انٹرمیڈیٹ لو	3.0	سطح IV	ایس ایف ایس III
انٹرمیڈیٹ مِڈ	4.0	سطح V (اے- پی کی سفارش نہیں کی جاتی ہے)	سطح V (اے- پی کی سفارش نہیں کی جاتی ہے)

ہوتے ہیں، اور ان پر اپیل نہیں کی جا سکتی۔ درج ذیل کی بنیاد پر کریڈٹ دیا جاتا ہے:

***تقرری کے لیے دوسرا آپشن لیول IVہوگا۔**

کیا میرے بچہ/ میری بچی کو امتحان میں کامیاب ہونے پر کوئی گریڈ ملے گا؟

کامیاب ہونے پر، آپ کے بچہ/آپ کی بچی کو مساوی کورس (کورسز) کے لیے ایک "پاس" گریڈ موصول ہوگا، جو اس کے ٹرانسکرپٹ پر اس بات کی نشاندہی کے لیے ایک "P" کے طور پر ظاہر ہوگا کہ سطحوں کو کامیابی کے ساتھ مکمل کیا گیا ہے۔ اس کو کوئی ایسا حرفی گریڈ موصول نہیں ہوگا، جو گریڈ پوائنٹ کے اوسط (جی پی اے) پر اثر انداز ہو۔ وہ طلباء جنہوں نے پہلے لیٹر گریڈ حاصل کیا ہے، وہ لیٹر گریڈ کو امتحان میں حاصل کردہ "پاس" گریڈ سے تبدیل نہیں کر سکتے۔

نتائج کا کس طرح اشتراک کیا جائے گا؟

والدین کو جون 2022 کے آغاز تک نتائج کی اطلاع بذریعہ خط دی جائے گی۔

وہ طلباء جو امتحان کے لیے سائن اپ کرتے ہیں اور ظاہر نہیں ہوتے ہیں وہ نو شو فیس کے ذمہ دار ہوں گے جو OPI کے لیے 55$ ہے۔

کریڈٹ بذریعہ امتحان کیا ہے؟

ارلنگٹن پبلک اسکولز (APS) انگریزی کے علاوہ دیگر زبانیں سمجھنے اور ان میں مواصلت کرنے کی قابلیت رکھنے والے طلباء کو منتخب عالمی زبانوں میں ٹیسٹس کے ذریعہ ہائی اسکول کریڈٹس کے حصول کی اجازت دیتا ہے۔ کریڈٹ بذریعہ امتحان طلباء کی غیر ملکی زبان کی استعداد کی پیمائش کرتا ہے تا کہ ان کو غیر ملکی زبان کے چار تک ہائی اسکول کریڈٹس دیے جائیں۔ ہم زیادہ تر زبانوں کے لیے، قومی معیار کے ٹیسٹس جیسے کہ ایس ٹی اے ایم پی، اے اے پی پی ایل، او پی آئی، (STAMP, AAPPL, OPI) اور ڈبلیو پی ٹی (WPT) کا استعمال کرتے ہیں۔ قومی طور پر باضابطہ امتحانات کے ذریعہ پیش نہ کی جانے والی بعض زبانوں کے لیے (APS) اور فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز (FCPS) کے درمیان ایک باہمی سمجھوتے کا میمورنڈم (MOU) بھی موجود ہے۔ ایف سی پی ایس (FCPS) کے ذریعہ تمام امتحانات سے صرف دو تک ہائی اسکول کریڈٹس حاصل ہوسکتے ہیں۔

کریڈٹ بذریعہ امتحان میں شرکت سے طلباء کو کس طرح مدد ملتی ہے؟

اگر طلباء ایڈوانسڈ اسٹڈیز ڈپلوما (ASD) کے ذریعہ گریجویٹ بننا چاہتے ہیں، تو ان کے لیے عالمی زبان کے تین گریڈ حاصل کرنا ضروری ہوتا ہے۔ ان کو ایک زبان کے لیے تین سال /کریڈٹس (3 X 1) لے کر یا دو مختلف زبانوں کے لیے فی کس دو سال (2 X 2) کے ذریعہ حاصل کیا جاتا ہے۔

امتحان کے ذریعہ کتنی عالمی زبانوں کے کریڈٹس حاصل کئے جاسکتے ہیں؟

امتحان کے لحاظ سے، طلباء امتحان کے ذریعہ ظاہر کردہ اپنی مہارت کی سطح کی بنیاد پر چار کریڈٹس تک حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر کسی طالب علم کو اس کی لسانی مہارتوں کی بنا پر سطح III یا IV والے درجے میں رکھا جائے تو، وہ سابقہ سطحوں کے لیے ماضی سے کریڈٹ حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر کوئی طالب علم سطح III میں اندراج یافتہ ہے اور اسے امتحان میں 4 کریڈٹس حاصل ہوتے ہیں، تو اس کے ٹرانسکرپٹ پر صرف ایک اضافی کریڈٹ سطح IV کے لئے کریڈٹ شامل کیا جاسکتا ہے۔ **ایک ہی عالمی زبان کے کورس کے لیے متعدد کریڈٹس نہیں دیئے جاسکتے۔**

اس تشخیص میں میرا سکور مجھے سیل آف بائی لٹریسی حاصل کرنے میں کیسے مدد کرے گا؟

2015-16 سے، تعلیمی بورڈ کی سیل آف بائی لٹریسی ہائی اسکول سے سند حاصل کرنے والے کسی طالب علم کو انگریزی کے علاوہ ایک یا زیادہ زبانوں میں اعلیٰ سطح کی مہارت کے حصول کی سند دیتا ہے۔ سیل آف بائی لٹریسی ایسے طلباء کو دی جائے گی، جو انگریزی میں کورس کے اختتام کی تمام مطلوبہ تشخیصات میں مہارت یا اعلی سطح (IIووین گریڈ ایس او ایل) کی کامیابی حاصل کرتے ہیں، اور جو ایک ریاست سے منظور شدہ امتحان میں کسی دیگر زبان میں انٹرمیڈیٹ سطح یا اعلیٰ سطح پر بولنے یا لکھنے میں کامیابی حاصل کرتے ہیں۔ سیل آف بائی لٹریسی طالب علم کے ہائی اسکول ڈپلومہ اور ان کے ہائی اسکول ٹرانسکرپٹ پر دی اور ثبت کی جاتی ہے۔

اس کے لیے کون اہل ہے اور طلبا کو کس طرح معلوم ہوگا کہ آیا وہ اس ٹیسٹ کے لیے کافی حد تک مہارت یافتہ ہیں؟

گریڈ 9-12 کے طلباء اہل ہیں اور انہیں، کم از کم مبتدی کی اعلی سطح پر ہونا اور درج ذیل کا اہل ہونا چاہیے

- آسان سوالات پوچھنے اور جواب دینے کا۔
- گفتگو کے دوران دوسرے شخص کے جواب میں آسان بیانات دینے کا۔
- بنیادی معلومات کی مواصلت کرنے کا۔
- پسند اور ناپسند کا اظہار کرنے کا۔
- بنیادی معلومات والا ایک فارم پُر کرنے کا۔
- روزمرّہ کی سرگرمیوں کی ایک فہرست کو پڑھ اور لکھ پانے کا۔

براہ کرم اپنی تشخیص کی گرڈ ملاحظہ کریں، جو ذیل میں دستیاب ہے

https://www.apsva.us/world-languages/credit-by-exam/credit-by-exam-faq/

اگر آپ ای ایس او ایل/ایچ آئی ایل ٹی، اے اور بی (ESOL/HILT A and B)، حاصل کرنے والے طالب علم ہیں، تو رجسٹریشن فارم میں اس بات کو نوٹ کرنا یقینی بنائیں کہ آپ وہ خدمات حاصل کر رہے ہیں، کیونکہ ہم اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ آپ کو ایک مختلف ٹیسٹ حاصل ہو۔

کسے یہ امتحان نہیں دینا چاہیے؟

- ابھی سطح IV یا SFS III کلاس میں اندراج یافتہ طلباء کیونکہ ان کا یہ امتحان موسم بہار میں لیا جائے گا۔
- ایسے طلباء جو پچھلے عالمی زبان کے کورس میں اپنا گریڈ بہتر کرنا چاہتے ہیں۔